نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

لاہور(18جون 2025): محکمہ زراعت پنجاب اور اس کے اسٹریٹجک شراکت دار فُوڈ سیکیورٹی اینڈ ایگریکلچر سینٹر آف ایکسیلینس (FACE) نے آج لاہور میں ایک خصوصی تقریب کے دوران اپنی کامیاب باہمی شراکت داری کے ایک نئے مرحلے کا آغاز کیا۔ یہ شراکت داری صوبہ پنجاب میں زرعی شعبے کی ترقی اور جدت کی طرف ایک اہم سنگ میل ہے جس کا بنیادی مقصد ایگریکلچر فیلڈ آفیسرز کی جدید تربیت، مؤثر معلوماتی ذرائع اور مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال کے استعداد کار کو فروغ دینا ہے۔ اس تعاون میں ایگریکلچر فیلڈ آفیسرز کی تربیت و صلاحیت سازی شامل ہے، جن میں فصلوں کی پیداوار میں بہتری، سمارٹ ڈیٹا کا استعمال، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے خدمات کی فراہمی اور فصلوں کی سیزنل معلومات پر مشتمل اعلیٰ معیار کی تربیت شامل ہے، جس کے لیے FACE نے بین الاقوامی سطح پر ممتاز تربیتی اداروں کی خدمات حاصل کی ہیں۔ اس اشتراک کا ایک کلیدی عنصر 60 مقامات پر ڈیجیٹل پوسٹرز کی تنصیب ہے، جو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کسانوں کو تازہ زرعی ڈیٹا، موسمی صورتحال اور پیش گوئیوں کی فراہمی ممکن بنائے گی، بالخصوص ان علاقوں میں جہاں روایتی معلوماتی ذرائع کی کمی ہے۔ علاوہ ازیں، FACE نے زرعی طلبہ کو تین ماہ پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام کی پیشکش کی ہے، جس کے تحت انہیں محکمہ زراعت پنجاب (توسیع) کے ساتھ فیلڈ میں عملی تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جارہا ہے۔ ڈیجیٹل زراعت کے فروغ کے لیے، FACE نے محکمہ زراعت کو ایک نیا پلیٹ فارم فراہم کیا ہے تاکہ ایگریکلچر فیلڈ آفیسرز فیلڈ ڈیٹا کی نگرانی اور رپورٹنگ جیسے ڈیجیٹل فیچرز سے بہتر استفادہ کرسکیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر FACE کو اعلیٰ انتظامی عمل، بین الاقوامی شراکت داری اور زرعی ترقی کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے